Date: Day:

Name: Ayesha Younas

Batch # 84

Subject: اسلامیات

# ASSIGNMENT:

## سوال نمبر 1

### اسلام سے کیا مراد ہے؟ اسلام کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

start with the summary of the answer as introduction.

اسلام ایک ایسا دین ہے جو انسان کو انفرادی و اجتماعی زندگی کے حوالے سے مکمل رہنمائی فراہم کرتا ہے، مکمل تصور فراہم کرتا ہے جو کہ انسان کی فطرت کے عین مطابق اور زمانے کے تقاضوں کو بخوبی جانتا ہے

**اسلام کے معنی:**

- **لفظی معنی:** اسلام کا لفظ "سلم" سے بنا ہے جس کے معنی ہیں "سپردگی، جھکنے اور امن و سلامتی" کے ہیں
- **اصطلاحی معنی:** اصطلاحی اعتبار سے اسلام سے مراد ہے کہ
  - اللہ کے احکامات کو مانتے ہوئے، اس کے احکامات کی پیروی کرتے ہوئے امن میں داخل ہو جانا
  - ہم اپنی خواہشات کو اللہ کی مرضی کے تابع کر دیں اسلام کہلاتا ہے
- **شرعی معنی:** شریعت میں اسلام کا مفہوم ہے: "اپنی مرضی سے اللہ تعالیٰ کے احکامات کی پیروی کرتے ہوئے امن میں داخل ہو جانا"

attempt this part in more detail.

Scanned with CamScanner

Date:________ Day:________

## اسلام کی نمایاں خصوصیات:

اسلام ایک ایسا دین ہے جس کی خصوصیات بے شمار ہیں ان میں سے چند کا ذکر اور اس کا مفہوم نیچے تحریر شدہ ہے۔

- توحید کا منفرد تصور
- عقیدہ رسالت
- عزمتِ انسانیت
- ضابطہ حیات
- اخوت پر مبنی دین
- عقل و فطرت پر مبنی دین
- محبت تقسیم کرنے والا دین
- تعصب سے پاک
- مکمل کتاب کا حامل
- اشاعت علم کا حامل
- انسانیت کو فروغ۔
- سماجی انصاف کا حامل

(۱) **توحید کا منفرد تصور:**

توحید اسلام کی بنیاد ہے۔ توحید سچائی کی دلیل اور کلمہ کا پہلا حصہ ہے۔

**سورۃ الاخلاص** کی آیت نمبر (۴-۱) میں فرمایا گیا۔

**ترجمہ:**

"توحید اسلام کا بنیادی مرکز ہے"

try to add the arabic of quranic ayats.

Date: ______ Day: ______

ہم رسولوں پر ایمان لائے توحید کی بدولت، عقائد اور
عبادات پر ایمان لائے توحید کی وجہ سے اور تو اور
انفرادی و اجتماعی زندگی کے معاملات پر عمل پیرا
ہوئے توحید کی بدولت اسی لیے **سورۃ بقرہ** کی آیت
نمبر 30 میں ارشاد ہوا۔

one reference is enough for a single argument.

**ترجمہ:**

"توحید اسلام کا پہلا سبق ہے"

پیغمبر نے ارشاد فرمایا:

**ترجمہ:**

"اسلام ایک قلعہ کی مانند ہے اور اس
قلعہ میں داخل ہونے کا دروازہ توحید ہے"

ایک اور جگہ پر ارشاد ہوا:

**ترجمہ:**

"پیغمبر سے پہلے جتنے بھی نبی نازل ہوئے ان
سب کو یہی وحی ملی کہ اللہ کے سوا کوئی
معبود نہیں تو تم سب اسی کی عبادت کرو"

(۵) **عقیدہ رسالت:**

عقیدہ رسالت اسلام کی دوسری اہم خصوصیت ہے۔
اور کلمے کا دوسرا اہم جزو ہے۔ اسلام میں اہم
خصوصیت عقیدہ رسالت اور عقیدہ رسالت میں
**ختم نبوت** ہے

**سورۃ اعزاب** کی آیت نمبر 33-40 میں ارشاد ہوا:

Scanned with CamScanner

Date: Day:

ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ
و خاتم النبین

ترجمہ:
"نبی کریمؐ تم میں سے کسی کے والد نہیں
ہیں بلکہ وہ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں"
رسولؐ کی زندگی ہمارے لیے عملی نمونہ ہے۔ آپؐ کی
زندگی سے ہمیں زندگی گزارنے کا طریقہ پتا چلے،
زندگی کے اصول و ضوابط اور قوانین کے بارے میں
رہنمائی حاصل ہوئی اور سب سے ضروری دین کی
طرف رغبت پیدا ہوئی۔
آپؐ کا ارشاد ہے:

keep the description of a single argument a bit brief.

ترجمہ:
"بے شک میں انسانیت کے لیے ایک
معلم بنا کر بھیجا گیا ہوں"
اللہ تعالیٰ نے اپنے اور رسولؐ سے متعلق فرمایا:

ترجمہ:
"اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے
رسولؐ کی اطاعت کرو"

سورۃ النجم کی آیت نمبر (3-4) میں ارشاد ہے:
ترجمہ: "پیغمبرؐ اپنی طرف سے کوئی بات نہیں
بتاتے بلکہ یہ اللہ کا پیغام پہنچاتے ہیں
پیغمبر کی بات پر عمل کرنا ایسے ہے جیسے
اللہ کی بات پر عمل کرنا"

Scanned with CamScanner

Date:______ Day:______

## (5) عزتِ انسانیت:

اسلام نے انسان کو بہت عزت بخشی ہے۔ اسلام نے انسان کو اعلیٰ مقام و مرتبے سے نوازا ہے۔

**سورۃ البقرۃ** کی آیت نمبر 30 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

(ترجمہ:) "اور یاد کرو جب تمہارے رب نے تم سے کہا کہ میں زمین پر اپنا نائب بنانے والا ہوں"

اس سے واضح ہوتا ہے کہ اللہ نے اسلام میں انسان کو کس قدر اعلیٰ درجہ دیا ہے۔ اسے اپنا نائب اور پیغمبر بنا کر بھیجا ہے۔

یہاں تک کہ جب انسان کو اللہ نے پیدا کیا تو **سورۃ تین** میں اس کو "**احسن تقویم**" کے لقب سے مخاطب کیا۔

اور جب انسان پیدا ہو گیا تو **سورۃ بنی اسرائیل** میں فرمایا:

ترجمہ:

"بے شک ہم نے اولادِ آدم کو عزت سے نوازا ہے"

- اس آیت سے بہت سی چیزیں واضح ہوتی ہیں کہ اللہ نے انسانوں کو تمام مذاہب اور نظاموں پر برتری دی ہے اور اسے اعلیٰ درجے پر فائز کیا ہے۔ یہاں تک کہ فرشتوں سے بھی زیادہ عزت بخشی ہے۔
- اور یہ عزت اللہ نے بغیر کسی تفریق کے انسان کو دی ہے یہاں تک کہ قرآن میں غیر مسلموں کو بھی

عزت دینے کا حکم ہے۔

اور یہ عزت نہ صرف مردوں اور نہ صرف عورتوں کے لیے مخصوص ہے بلکہ یہ تو سب کے لیے ہے۔

اور تو اور اللہ نے خواجہ سراؤں کو بھی مکمل عزت دینے کا حکم دیا ہے۔

اللہ نے اس عزت کو نوازنے کے ساتھ ساتھ اس کا تحفظ بھی دیا ہے۔ جیسا کہ فرمایا:

وتعز من تشاء وتذل من تشاء

ترجمہ:

"بے شک عزت اور ذلت اللہ کے ہاتھ میں ہے"

use elaborate and self explanatory headings,

## (۴) ضابطہ حیات:

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ یہ زندگی کے ہر معاملے میں ہمیں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ انسان کو اجتماعی و انفرادی زندگی میں رہن سہن اور باقی معاملات میں رہنمائی کرتا ہے۔

ہدایت کا سلسلہ تو **پرورش** سے ہی شروع ہو جاتا ہے۔ بچہ ماں کی گود سے علم حاصل کرنا شروع کرتا ہے جیسا کہ حدیث ہے:

ترجمہ:

"ماں کی گود بچے کی پہلی درس گاہ ہے"

اس کے بعد بچہ اپنے ارد گرد کے ماحول، لوگوں سے سیکھتا اور بعض اوقات تو اسے مکمل دینی تعلیمات

Scanned with CamScanner

Date: Day:

کے لئے مدرسہ بھیج دیا جاتا ہے۔

اسلام ہمیں **تعلیم** سے متعلق بھی رہنمائی فراہم کرتا ہے بلکہ یہ تو ضروری قرار دیا گیا ہے آپؐ نے ارشاد فرمایا

طلب علم فریضۃ علی کل مسلم

ترجمہ:

"علم حاصل کرنا تمام مرد و عورت پر فرض ہے"

اسلام ہمیں **روزگار** کے بارے میں بھی مکمل آگہی فراہم کرتا ہے۔ حلال اور حرام میں فرق واضح کرتا ہے جیسے کہ فرمایا:

ترجمہ:

"حصولِ رزقِ حلال عین عبادت ہے"

اسلام ہمیں ہمارے **خاندانی نظام** سے متعلق بھی ہدایت فراہم کرتا ہے جس میں ہر قسم کے حقوق و فرائض شامل ہیں۔ جیسا کہ مثلاً عورتوں اور مردوں کے حقوق و فرائض، میاں بیوی کے حقوق و فرائض، رشتہ داروں، ہمسائے، اور بچوں کے حقوق و فرائض شامل ہیں۔

یہاں تک کہ ہماری انفرادی و اجتماعی زندگی میں موجود نظاموں کی بھی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ ان میں مختلف نظام جیسے کہ سماجی، معاشرتی، سیاسی، اصول و انصاف اور بین الاقوامی معاملات شامل ہیں۔

Date:______ Day:______

(۵) اخوت پر مبنی:

اسلام کا ایک اہم پہلو اخوت ہے۔ نبیؐ کے فیضانِ محبت میں داخل ہونے والوں میں جو اخوت تھی وہ سارے عالم میں تلاش کرنا ناممکن ہے۔ یہ اسلام کا احسان ہے کہ ریاستِ مدینہ کی بنیاد پڑی تو سب سے پہلے اخوت کو وہاں کے لوگوں میں باندھ دیا گیا جس سے ان کے رہائش اور خوراک کا بندوبست بھی ہوا اور محبت بھی بڑھ گئی۔

(۶) عقل و فطرت پر مبنی:

اسلام کے اصول عقل و فطرت پر مبنی ہیں اسی لیے اس کا سینہ ان تمام نظاموں کے لیے کھلا ہے جو اس کے بلند اصولوں کی ہم آہنگی کریں اور انسان کی خوش بختی کی حمایت کریں۔ چاہے وہ کہیں بھی ہوں۔ اس طرح اسلام نے تمام قدیم بلندیوں کو فروغ دیئے اور انہیں اپنے دامن میں لینے کی کوشش کی جس سے مسلمانوں کو بھی فائدہ ہوا اور عام انسانیت کو بھی

add and highlight references/examples against these arguments.

(۷) محبت تقسیم کرنے والا:

اسلام کی ایک بڑی یہ خصوصیت بھی ہے کہ یہ محبت تقسیم کرنے والا دین ہے۔ اسلام محبت الٰہی کی تعلیم کن لفظوں میں بیان کرتا ہے

Scanned with CamScanner

Date: Day:

وہ "رب العلمین" ہے جو ہر چیز جو نشو نما قبول کر سکتی ہے اس وجود بخشنے والا اور اسی ہستی کو قائم رکھنے والا۔ وہ رحمٰن ہے یعنی کمال رحمت والا اور وہ رحیم ہے۔

حضورؐ سے کسی عورت نے پوچھا:

ترجمہ: "کہ کیا اللہ کا پیار اپنے بندوں سے ماں کے پیار سے زیادہ نہیں جو وہ اپنے بچے سے کرتی ہے؟"

آپؐ نے جواب دیا:

یہ بالکل درست بات ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے:

الرحمٰن فی الارض یرحمکم من فی السماء

ترجمہ:

"تم اہلِ زمین پر رحم کرو اللہ تم پر رحم کرے گا"

(۵) تعصب سے پاک:

اسلام کو بدنام کرنے کے لیے بہت سے الزام لگائے گئے اور بعض الزام تو وہ ہیں جو الزام لگانے والوں میں ہی ثابت تھے مگر انہوں نے بڑی چالاکی سے اپنے کرتوت چھپا کر مسلمانوں کے سر تھوپ دیا اور نااہل مسلمان کو اسلام کی تعلیم کا نتیجہ قرار دیا اور دینِ اسلام کو اس کا ذمہ دار ٹھہرایا جب کہ اسلام کا نمایاں وصف یہ ہے کہ اصل اسلام ہر قسم کے تعصب سے پاک ہے اور اسکی

Scanned with CamScanner

Date: ______ Day: ______

نفی کرتا ہے۔

## (۴) مکمل کتاب کا حامل:

اسلام ایک مکمل کتاب کی مانند ہے جس میں شک کی کوئی بنیاد نہیں۔ یہاں بات اسلام کی مقبول ترین اور آخری کتاب قرآن مجید کی ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ذلک الکتاب لاریب فیہ

ترجمہ:

"یہ وہ کتاب ہے جس کے کلماتِ الٰہی ہونے میں کوئی شک نہیں"

اگر قرآن آج بھی نازل ہوتا تو اس کے ایک حرف میں بھی تبدیلی کی ضرورت نہ ہوتی کیونکہ یہ ہر زمانے کی مطابقت کی صلاحیت رکھتا ہے اور اس میں کسی قسم کے شک کی بنیاد نہیں ہے۔

ارشاد ہوا:

انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحافظون

ترجمہ:

"بے شک ہم نے یہ کتاب نازل کی ہے اور ہم خود اس کے نگہبان ہیں"

## (۵) اشاعتِ علم کا حامل:

اسلام کو ایک روشن چراغ قرار دیا گیا ہے

Scanned with CamScanner

Date: Day:

حواس کی نشانیوں اور پیغام کی صداقت کی رہنمائی کرتا ہے اور جہالت کی نفی کرتا ہے۔ اسلام میں علم کے تقدس کو عبادت کے تقدس سے زیادہ بہتر قرار دیا گیا ہے۔ کیونکہ ان کی نگاہ میں علم بجائے خود عبادت ہے جو حق بتاتا ہے، ایمان پر قائم رکھتا ہے اور جس کی فضاء میں خرافات غائب ہو جاتی ہیں

اسلام سے پہلے علم کی فضیلت سے سب عاری تھے۔ عرب تو پڑھنے لکھنے سے بھی غافل تھے یہی حال باقی ممالک کا بھی تھا۔ لیکن اسلام نے آکر علم کی روشنی سے سب کو روشناس کرا دیا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

یرفع اللہ الذین امنو منکم والذین اوتو العلم درجت

ترجمہ: "اللہ درجات بلند فرماتا ہے ان کے جو ایمان لائے اور ان کے جن کو علم حاصل ہوا۔"

یہاں بلندی درجات میں علم کو ایمان کے ساتھ ساتھ بیان کیا گیا ہے ارشاد ہوا۔

ترجمہ:
"اپنے رب کے نام کے ساتھ علم حاصل کرو جس نے تم کو پیدا کیا جس نے تم کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا"

Date: Day:

(۵) **انسانیت کو فروغ:**

اسلام نے انسانیت کے فروغ کو بہت سی عملی مثالوں اور تعلیمات سے بیان کیا ہے۔ انسان کے اندر پیدائشی طور پر کچھ خوبیاں ہوتی ہیں اُسے چاہیئے کہ وہ انہیں بغیر کسی تفریق کے استعمال کریں۔

ارشاد ہوا:

ترجمہ:

"ہم نے تم کو ایک مرد و عورت سے پیدا کیا ہے اور پھر تمہیں مختلف قبیلوں اور قوموں میں تقسیم کر دیا گیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان لو"

بیسویں صدی میں اسلام میں صرف انسانوں اور جانوروں کے حقوق پر روشنی ڈالی تھی اور اسی کی اہمیت کو واضح کیا تھا لیکن اکیسویں صدی میں اسلام نے ان سب کے حقوق کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی تحفظ پر بھی روشنی ڈالی اور اس کی اہمیت کو واضح کیا۔ یہاں تک کہ انسانی جان کے تحفظ پر بھی بہت تذکرہ کیا گیا۔

**سورۃ المائدہ** کی آیت نمبر 32 میں ارشاد ہوا۔

ترجمہ: "ایک انسان کا قتلِ ناحق پوری انسانیت کا قتلِ ناحق ہے۔"

Date:______ Day:______

(۵) سماجی انصاف کا حامل:

اسلام کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس نے حقیقی سماجی انصاف اور حقیقی جمہوریت کے قیام کے لیے ایک حکومت کا نظام بنایا جس سے آزادیاں پروان چڑھیں اور عوام کو ہر ظلم وستم سے نجات ملی۔ اس نظام حکومت کے رہنما خطوط کو جو قومیں آج بھی اختیار کیے ہوئے ہیں اطمینان سے زندگی گزار رہی ہیں۔

10

end the answer with conclusion.

good attempt. but the answer is lengthy and might affect your time management.

Scanned with CamScanner